**Fazil / TSF**

**17-12-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے ادیس ابابا میں، ایتھوپیا کے اپنے ہم منصب ابی احمد علی سے بات چیت کی۔ دونوں ملکوں نے اپنے تعلقات میں دفاعی شراکت داری کی سطح تک اضافہ کیا۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی کو اعلیٰ ترین ایوارڈ ''**Nishan of Ethiopia**'' سے نوازا گیا ہے۔

3- لوک سبھا میں، وِکست بھارت- جی رام جی بل پیش کیا گیا، جس میں دیہی کنبوں کیلئے ایک سال میں **125** دن کے روزگار کی گارنٹی دی گئی ہے۔

4- جن گاڑیوں کے پاس، آلودگی پر قابو پانے والا مجاز سرٹیفیکیٹ نہیں ہے، انہیں کل سے دلّی میں پیٹرول پمپ پر ایندھن نہیں دیا جائے گا۔

5- روایتی طریقۂ علاج سے متعلق **WHO** کی دوسری عالمی سمٹ، آج نئی دلّی میں شروع ہوگی۔

6- اور مردوں کے کرکٹ میں، آج شام لکھنؤ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چوتھا ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM - Ethopia

وزیر اعظم نریندر مودی کو ایتھوپیا کے ہم منصب ڈاکٹر ابی احمد علی نے، ایتھوپیا کے اعلیٰ ترین ایوارڈ **The Great Honour Nishan of Ehiopia** سے نوازا ہے۔ وزیر اعظم اِس افریقی ملک کے دو روزہ دورے پر ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان تاریخی رشتے ہیں۔

یہ ایوارڈ وزیر اعظم مودی کو ایک خصوصی تقریب میں دیا گیا، جس کا انعقاد راجدھانی ادیس ابابا میں، ادیس بین الاقوامی کنوینشن ورکرس مرکز میں کیا گیا تھا۔ یہ ایوارڈ جناب مودی کو بھارت-ایتھوپیا شراکت داری کو مستحکم بنانے کی جانب اُن کے غیر معمولی تعاون اور ایک عالمی دانشور کے طور پر اُن کی دور اندیش قیادت کے اعزاز میں دیا گیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کی سب سے زیادہ قدیم تہذیبوں میں سے ایک کی طرف سے اِس ایوارڈ کو قبول کرنا میرے لیے بڑے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے انکسار اور تشکر کے گہرے

احساس کے ساتھ یہ ایوارڈ قبول کیا۔
وزیر اعظم مودی نے اِس ایوارڈ کو بھارت اور ایتھوپیا کے اُن سبھی لوگوں کیلئے وقف کیا، جنھوں نے قرنوں سے دو طرفہ تعلقات کی آبیاری کی ہے۔ انہوں نے اِس اعزاز سے نوازے جانے پر ایک ارب 40 کروڑ بھارتی افراد کی طرف سے تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

**SB - PM Ethiopia Award**

اِس سے پہلے بھارت اور ایتھوپیا نے اپنے دو طرفہ تعلقات کو ایک اہم شراکت داری تک لے جانے کا فیصلہ کیا۔
اِس سے پہلے ادیس اباب میں وزیر اعظم نریندر مودی اور ایتھوپیا کے اُن کے ہم منصوب ڈاکٹر ابی احمد علی کے درمیان گفتگو ہوئی۔
دونوں ملکوں نے تین مفاہمت ناموں پر دستخط بھی کیے، جن کا تعلق اقوام متحدہ کی قیام امن کارروائی کی تربیت، کسٹم معاملات میں باہمی انتظامی مدد اور ایتھوپیا کی وزارت خارجہ میں ڈیٹا سینٹر کے قیام سے ہے۔
اب ہم رابطہ کرتے ہیں اپنے نامہ نگار سُشیل چندر تیواری سے :
سوال 1 : سُشیل ہمیں اُن بنیادی شعبوں کے بارے میں بتائیے جن میں اِن دونوں رہنماؤں نے بات چیت کی ہے اور تعاون میں اضافے سے اتفاق کیا ہے؟
سوال 2 : دونوں رہنماؤں کی یہ میٹنگ عالمی جنوب کے حوالے سے، کس طرح اہم رہی؟
وزیر اعظم آج ایتھوپیا کی پارلیمنٹ کے اجلاس سے خطاب کریں گے۔

PM - Oman

وزیر اعظم نریندر مودی، تین ملکوں کے اپنے دورے کے آخری مرحلے میں اُردن اور ایتھوپیا کا دورہ مکمل کرنے کے بعد، آج شام Oman پہنچیں گے۔ جناب مودی Oman کی سلطنت کے سربراہ، سلطان Haitham bin tarik کی دعوت پر یہ دورہ کررہے ہیں۔ اُن کے ساتھ اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی ہوگا۔
امید ہے کہ بھارت اور Oman جناب مودی کے اِس دو روزہ دورے میں اقتصادی شراکت داری کے ایک جامع معاہدے CEPA پر دستخط کیے جائیں گے۔
ہمارے نامہ نگار سے خصوصی بات چیت میں، Oman نے بھارتی سفیر جی وی سری نِواس نے بتایا کہ دونوں دوست ملک اِس سمجھوتے اور دیگر مفاہمت ناموں کیلئے، اپنی طرف سے بہترین کوشش کررہے ہیں۔
انہوں نے کہا کہ وہ CEPA کی تکمیل کے بارے میں انتہائی پُرامید ہیں۔

**SB - CEPA - Amb GV Srinivas**

اِس سمجھوتے کا مقصد اقتصادی تعلقات میں گہرائی لانا اور دو طرفہ تجارت میں ایک نئے باب کا اضافہ کرنا ہے۔
جناب سری نِواس نے کہا کہ مشترکہ وِژن دستاویز کے تناظر میں، جسے دسمبر 2023 میں Oman کے سلطان کے سرکاری دورے میں بھارت اور Oman نے منظور کیا تھا۔ یہ دستاویز دونوں ملکوں کی قیادت کا مشترکہ خاکہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ

سمجھوتہ بھارت کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک کے طور پر دیکھنے کے وزیر اعظم مودی کے تصور کے مطابق ہے۔

**SB - Vision Document - Amb GV Srinivas**

یہ رپورٹ وزیر اعظم کے Oman کے دورے کی خبریں ارسال کرنے والے ہمارے نامہ نگار نے ارسال کی تھی۔

**VC- Rajesh Bali**

*بھارت اور Oman اپنے سفارتی تعلقات کے 70 سال پورے ہونے اور صدیوں پُرانے تعلقات کا جشن منا رہے ہیں۔ دونوں ملکوں نے مختلف اہم میدانوں میں بہت سی نئی اونچائیاں حاصل کی ہیں۔ وزیر اعظم مودی کے 2018 کے Oman کے دورے سے اِن تعلقات کو ابھی تک کی سب سے زیادہ سیاسی سمت فراہم ہوئی ہے۔ بھارتی سفیر جی وی سری نِواس نے بتایا کہ دفاعی اعتبار سے دونوں ملک ایک دوسرے کیلئے بہت اہم ہیں۔*

***SB - Strategy - GV Srinivas***

*Oman سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..................*

Preseident TN Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج تمل ناڈو کے شہر Velore کا دورہ کریں گی۔ وہ سری پورم گولڈن ٹیمپل میں درشن اور آرتی کریں گی۔ صدر جمہوریہ مندر کے احاطے میں ایک Meditation پویلین کا آغاز کریں گی اور ایک پودا لگائیں گی۔ تمل ناڈو کے گورنر آر-این روی اور مرکزی وزیرِ مملکت برائے اطلاعات و نشریات ڈاکٹر ایل مروگن وِیلّور میں صدر جمہوریہ کا استقبال کریں گے۔

یہ دورہ 16 سے 22 دسمبر تک جنوبی ریاستوں کرناٹک، تمل ناڈو اور تلنگانہ کے ایک ہفتہ طویل دورے کا حصہ ہے۔×

President Outhern Sojourn

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اس ماہ کی 22 تاریخ تک جنوبی بھارت کے اپنے سالانہ دورے کیلئے آج سہ پہر سکندرآباد کے Bolarum میں راشٹر پتی Nilayam پہنچیں گی۔ ریاستی انتظامیہ نے اس 6 روزہ دورے کیلئے سبھی بندوبست کیا ہے۔ صدر جمہوریہ اس ماہ کی 19 تاریخ کو ریاست کے پبلک سروس کمیشن کے چیئر پرسنس کیلئے قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی اور

**"Timeless Wisdom of Bharat - Pathways of Peace and Progress"**

کے موضوع پر ایک کانفرنس میں شرکت کریں گی، جس کا اہتمام اس ماہ کی 20 تاریخ کو Gachibowli میں Brahma Kumaris نے کیا ہے۔

اس دوران حیدرآباد اور سائبرآباد پولیس کمشنریٹ نے صدر جمہوریہ کے دورے کے دوران Alwal اور Gachibowli پولیس اسٹیشن حلقے میں دور سے کنٹرول کیے جانے والے ڈرون، پیراگلائیڈر اور چھوٹے ہلکے جہازوں پر پابندی لگا دی ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Homebound - Shortlist

نیرج گھیوان کی ہدایت میں تیار کی گئی بھارتی فلم **Homebound** کو **98** ویں اکاڈمی ایوارڈز کیلئے بہترین بین الاقوامی فیچر فلم کے زمرے میں چنا گیا ہے۔ یہ فلم اُن **15** فلموں میں شامل ہیں، جو **Oscar 2026** میں بین الاقوامی فیچر فلم کے زمرے میں اہل اور قطعی طور پر نامزد کی گئی۔×

VB G Ram G Bill

لوک سبھا میں پیش کیا گیا وکست بھارت-روزگار کی گارنٹی اور **Ajeevika** مشن گرامین **VB-G Ram G** بل **2025** میں ہر مالی سال میں دیہی گھرانوں کو **125** دنوں کا روزگار فراہم کرنے کی قانونی گارنٹی دینے کی تجویز کی پیش کی گئی ہے۔ یہ بل، کُل دیہی ترقی اور زراعت و کسانون کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے پیش کیا۔ بل پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت غریبوں اور گاؤں کی مکمل ترقی کیلئے پُر عزم ہے، جو مہاتما گاندھی کی خود انحصاری اور دیہی کمیونٹیز کی ترقی کے ویژن کے عین مطابق ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ مرکز اس مجوزہ پہل پر **95** ہزار کروڑ روپے خرچ کرنے کیلئے پُر عزم ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ اس بل کا مقصد روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے آگے بڑھ کر گاؤں کی مجموعی ترقی ہے۔

**S/B - Shivraj Singh**

Delhi Pollution Rules

قومی راجدھانی دلّی میں فضائی آلودگی سے نمٹنے کیلئے دلّی حکومت نے سخت اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دلّی کے وزیر ماحولیات منجندر سنگھ سرسا نے کہا کہ ایسی گاڑیاں، جن کے پاس درست پولیوشن انڈر کنٹرول، **PUC** سرٹیفیکیٹ نہیں ہوگا، انہیں کل سے پیٹرول پمپس پر ایندھن نہیں مل سکے گا۔

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ دلّی میں تعمیراتی سامان لانے والے ٹرکوں کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔

اِس کے علاوہ دلّی سے باہر کی ایسی پرائیویٹ گاڑیاں، جو **BS6** معیار سے کم ہیں، کل سے قومی راجدھانی میں داخل نہیں ہوسکیں گی۔×

US Travel Ban

امریکہ نے، سفری پابندی میں توسیع کرتے ہوئے مزید **5** ملکوں کو اس میں شامل کر لیا ہے، جبکہ دیگر ملکوں پر نئی بندشیں عائد کی ہیں۔ جن ملکوں پر پابندی لگائی گئی ہے، اُن میں **Burkina Faso** ، مالی، نائیجر، جنوبی سوڈان اور شام

شامل ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Ashish**

ٹرمپ انتظامیہ نے 15 مزید ملکوں پر جزوی بندشیں بھی عائد کی ہیں۔ مزید براں فلسطینی اتھارٹی کی جاری کردہ سفری دستاویزات کے حامل افراد کے سفر کرنے پر مکمل بندش عائد کی گئی ہے۔ اِن بندشوں کا اطلاق وزیٹر کے طور پر امریکہ کا سفر کرنے والے یا ہجرت کرنے والے دونوں طرح کے لوگوں پر ہوگا۔ یہ فیصلہ ایک مشتبہ افغان شہری کی گرفتاری کے بعد کیا گیا ہے، جس میں Thanksgiving Weekend پر نیشنل گارڈ کے دو فوجیوں پر فائرنگ کی تھی۔ انتظامیہ کے جون میں کیے گئے اعلان میں 12 ملکوں کے لوگوں پر پہلے ہی پابندی عائد کر دی گئی تھی۔

نئی دلّی سے آشیش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

J&K Dangal

جموں کشمیر آج اپنی پہلی بین الاقوامی بھارتی طرز کی کُشتی یا دنگل اور رستم جموں کشمیر خطاب 2025 کی میزبانی کیلئے تیار ہے۔ یہ مقابلے جموں کے مولانا آزاد اسٹیڈیم میں ہوں گے۔ کھیل کے اس بڑے مقابلے میں 100 سے زیادہ بین الاقوامی اور قومی دنگل اسٹارز حصہ لیں گے، جو رستم جموں کشمیر خطاب 2025 کیلئے مقابلہ کریں گے۔ اس میں قومی اور بین الاقوامی پہلوانوں کے ساتھ Open-Category مقابلے بھی ہوں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Gulshan Raina**

اس چیمپئن شپ میں بھارت، ایران اور بہت سے دیگر ملکوں کے پیشہ ور پہلوان ایک ساتھ نظر آئیں گے، جو اسے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں منعقد ہونے والے کُشتی کے سب سے بڑے مقابلوں میں سے ایک بناتی ہے۔ اس چیمپئن شپ کا مقصد علاقے کی دنگل کی شاندار وراثت کی بحالی اور اس کا مظاہرہ کرنا نیز کھلاڑیوں کیلئے، ایک عالمی پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ نیا متعارف کرایا گیا رستم جموں کشمیر خطاب 85 کلوگرام سے زیادہ کے پہلوانوں کیلئے ہے۔ ان مقابلوں کے چیمپئن کو 50 ہزار روپے اور روایتی Gurj یا Gadda اور Patta ملے گا۔ دوسرے مقام پر آنے والے کھلاڑیوں کو بالترتیب 20 ہزار اور 15 ہزار روپے ملیں گے۔ اس بڑے کھیل مقابلے کا اہتمام جموں کشمیر اسپورٹس کونسل نے کیا ہے، جس کا مقصد کُشتی کے روایتی کھیل کے ذریعہ اتحاد، قوت، فٹنیس اور ثقافتی افتخار کو فروغ دینا ہے۔ بین الاقوامی دنگل نہ صرف مرکز کے زیر انتظام علاقے کی دیرینہ کُشتی کی ثقافت کو نمایاں کرے گا، بلکہ جموں کشمیر میں کھیلوں کی سیاحت کو فروغ دینے میں ایک اہم ترغیب کے طور پر بھی کام کرے گا۔ یہ مقابلے دن میں 12 بجے شروع ہوں گے اور اس میں شائقین کا داخلہ مُفت ہوگا۔

جموں سے این گُلشن ریتا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں............

Traditional Medical Summit

روایتی طریقۂ علاج WHO کی دوسری عالمی سربراہ کانفرنس آج نئی دلّی میں شروع ہوگی۔ اِس کانفرنس کی مشترکہ قیادت عالمی صحت تنظیم اور بھارتی حکومت کی آیوش وزارت کرے گی۔ اِس تین روزہ کانفرنس میں دنیا بھر کے پالیسی ساز، سائنسداں، ڈاکٹرز، ملک کے جانکار اور سِول سوسائٹیز کی اہم شخصیتیں یکجا ہوں گی۔ کانفرنس کا مقصد ایک متوازن سب کی شمولیت والے اور مستقل صحت نظام کے ایک مشترکہ خاکے کو آگے بڑھانا ہے۔

یہ کانفرنس توازن کی بحالی : سائنس اور صحت و خوشحالی کے طریقے کے موضوع پر منعقد کی جارہی ہے۔×

Cricket - IND SA T20

مردوں کے کرکٹ میں آج بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چھوتا ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ لکھنؤ میں بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپئی ایکانہ کرکٹ اسٹیڈیم میں ہوگا۔ یہ میچ شام 7 بجے شروع ہوگا۔ بھارت 5 میچوں کی سیریز میں دو-ایک سے سبقت لیے ہوئے ہے اور حریف ٹیم کے خلاف یہ میچ جیت کر سیریز اپنے نام کرنا چاہے گا۔ 5 ویں اور آخری میچ جمعہ کے روز احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں ہوگا۔

اِس دوران، بھارتی آل راؤنڈر اکشر پٹیل بیماری کی وجہ سے سیریز کے باقی دو میچ میں نہیں کھیل سکیں گے۔ اکشر پٹیل کی جگہ سلیکشن کمیٹی نے دونوں میچوں کیلیے شہباز احمد کو منتخب کیا ہے۔×

Meity - INDIAAI Mission

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹکنالوجی MeitY کی وزارت کے تحت 'انڈیا AI مشن' نے زراعت میں مصنوعی ذہانت AI کے حقیقی عملی اثرات پر ایک مجموعہ کیلیے عالمی سطح پر تجاویز طلب کی ہیں۔ یہ مشن کی وزارت کی جانب سے مہاراشٹر کے AI اور ایگری ٹیک انّوویشن سینٹر کے اشتراک سے انجام دیا جا رہا ہے، جسے عالمی بینک اور نجی ادارے کی معاونت حاصل ہے۔ MeitY نے ایک بیان میں کہا کہ اس اقدام کا مقصد اُن AI سولیوشنز کو دستاویزی شکل دینا ہے، جو عملی طور پر نافذ کیے جا چکے ہوں اور جنہیں بڑے پیانے پر وسعت دی جا سکے۔ یہ حل فصلوں کی منصوبہ بندی کو بہتر بنانے، زرعی سرگرمیوں کو مضبوط کرنے، منڈیوں تک رسائی کو بڑھانے اور کسانوں کی مالی مضبوطی میں بہتری لانے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔×

Jaishankar - Israel

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے گزشتہ روز یروشلم میں اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو سے ملاقات کی اور بھارت-اسرائیل اسٹریٹجک شراکت داری کو مستحکم کرنے کا اعادہ کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ ملاقات کے دوران، ٹیکنالوجی، معیشت، مہارت و صلاحیت، رابطہ کاری اور سلامتی کے شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کرنے پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے مزید کہا کہ انہوں نے وزیر اعظم نیتن یاہو کے علاقائی اور عالمی پیشرفت سے متعلق

خیالات کو قابل قدر قرار دیا۔

وزیر خارجہ نے اسرائیل کے وزیر معیشت و صنعت **Nir Barkat** سے بھی ملاقات کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں لیڈروں نے دونوں ممالک کے درمیان سرمایہ کاری اور اختراعی تعاون کو آگے بڑھانے پر تبادلۂ خیال کیا۔

انہوں نے بھارت-اسرائیل آزاد تجارتی معاہدے کے جلد تکمیل پر اعتماد کا اظہار کیا، تاکہ اقتصادی شراکت داری کو مزید فروغ دیا جا سکے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: حبیب الرحمٰن

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اخباروں نے بھارت-اُردن کے مابین پانچ اہم معاہدوں پر دستخط کیے جانے کی خبر کو صفحۂ اول پر شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے : وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت-اُردن شراکت داری کو معنی خیز قرار دیا اور کہا کہ یہ معاہدہ تعلقات میں وسعت کا عکاس ہے۔

ایتھی یوپیا میں وزیر اعظم نریندر مودی کے شاندار استقبال کی خبر کو بھی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔ بھارت اور چین کے درمیان شپکی لا درہ کے راستے دو طرفہ تجارت بحال کرنے پر اتفاق۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اِس خبر کو نمایاں طور سے جگہ دی ہے۔کھیل کے صفحے پر آئی پی ایل نیلامی سے متعلق خبر کو سبھی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے : کیمرون گرین بنے سب سے مہنگے غیر ملکی کھلاڑی۔ کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے 25 کروڑ 20 لاکھ روپے میں خریدا۔ اَن کیپڈ کھلاڑی پرشانت ویر اور کارتک شرما 14 کروڑ 20 لاکھ روپے میں خریدے گئے۔

عالمی خبروں کے صفحے کی کچھ اہم سرخیاں اِس طرح ہیں :

☆ ڈونلڈ ٹرمپ نے بی بی سی کے خلاف 10 ارب ڈالر کا مقدمہ کیا۔

☆ پہلی بار نیم مفلوج خاتون خلاء کے سفر پر روانہ ہونے کیلئے تیار۔

☆ مراقش میں طوفانی بارش اور سیلاب سے 37 افراد ہلاک۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے ادیس ابابا میں، ایتھوپیا کے اپنے ہم منصب ابی احمد علی سے بات چیت کی۔ دونوں ملکوں نے اپنے تعلقات میں دفاعی شراکت داری کی سطح تک اضافہ کیا۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی کو اعلیٰ ترین ایوارڈ ''**Nishan of Ethiopia**'' سے نوازا گیا ہے۔

3- لوک سبھا میں، وِکست بھارت- جی رام جی بل پیش کیا گیا، جس میں دیہی کنبوں کیلئے ایک سال میں **125** دن کے روزگار کی گارنٹی دی گئی ہے۔

4- جن گاڑیوں کے پاس، آلودگی پر قابو پانے والا مجاز سرٹیفکیٹ نہیں ہے، انہیں کل سے دلّی میں پیٹرول پمپ پر ایندھن نہیں دیا جائے گا۔

5- روایتی طریقۂ علاج سے متعلق **WHO** کی دوسری عالمی سمٹ، آج نئی دلّی میں شروع ہوگی۔

6- اور مردوں کے کرکٹ میں، آج شام لکھنؤ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چوتھا ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------